AZGARD-9

# ایزگارڈ نائن لمیٹڈ

رجسٹرڈ آفس: اسماعیل ایوانِ سائنس، عقب شاہراہ رومی، لاہور، پاکستان۔ فون: 95-35761794 (42 92+)
فیکس: 35761791 (42 92+)، ای میل: info@azgard9.com، ویب سائٹ: www.azgard9.com

## اٹھائیسویں سالانہ اجلاس عام کے التوا کی اطلاع

یہ ایزگارڈ نائن لمیٹڈ ('کمپنی') کے ممبران کے اٹھائیسویں سالانہ اجلاس عام منعقدہ صبح 11 بجے بروز ہفتہ 27 نومبر 2021 کے نوٹس بتاریخ 04 نومبر 2021 کے حوالے سے ہے۔

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ درج بالا نوٹس کے ایجنڈا نمبر 2 (یعنی 30 جون 2021 کو ختم شدہ مالی سال کیلئے کمپنی کے آڈٹ شدہ حسابات بمع ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس اور چیئرمین کی جائزہ رپورٹ کی وصولی، ان پر غور، ان کی منظوری اور انہیں اختیار کرنا) کے سلسلے میں کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات کے تحت رائے شماری کا مطالبہ کیا گیا ہے۔

لہٰذا اٹھائیسواں سالانہ اجلاس عام کمپنی کے رجسٹرڈ آفس، اسماعیل ایوانِ سائنس، عقب شاہراہ رومی لاہور پر بروز پیر 06 دسمبر 2021 کو صبح 11.30 بجے تک درج بالا نا مکمل ایجنڈا نمبر 2 پر رائے شماری کیلئے ملتوی کر دیا گیا ہے۔

کمپنیز ایکٹ 2017 اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کی دفعات کی تعمیل میں مندرجہ ذیل بیلٹ پیپر بشمول جمع کرانے کے طریقہ کار کے شائع کیا جا رہا ہے۔

بحکم بورڈ
محمد اویس
کمپنی سیکرٹری

27 نومبر 2021
لاہور

### ایزگارڈ نائن لمیٹڈ کے رجسٹرڈ دفتر، اسماعیل ایوانِ سائنس، عقب شاہراہ رومی، لاہور میں 06 دسمبر 2021 کو صبح 11.30 بجے ہونے والی رائے شماری میں ڈاک کے ذریعے ووٹ ڈالنے کیلئے بیلٹ پیپر

AZGARD-9

ایزگارڈ نائن لمیٹڈ

رجسٹرڈ آفس: اسماعیل ایوانِ سائنس، عقب شاہراہ رومی، لاہور، پاکستان۔ فون: 95-35761794 (42 92+)
فیکس: 35761791 (42 92+)، ای میل: info@azgard9.com، ویب سائٹ: www.azgard9.com

چیئرمین کا نامزد ای میل ایڈریس جہاں مکمل شدہ بیلٹ پیپر بھیجا جا سکتا ہے: chairman@azgard9.com

| | |
|---|---|
| حصص دار / مشترکہ حصص داران کا / کے نام | |
| رجسٹرڈ پتہ | |
| حصص کی تعداد اور فولیو نمبر | |
| سی این آئی سی نمبر / پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی کی صورت میں) (کاپی منسلک کریں) | |
| اضافی معلومات اور مفلوف کاغذات (کاروباری ادارے، کارپوریشن اور وفاقی حکومت کے نمائندے کی صورت میں) | |

میں / ہم مندرجہ ذیل قرارداد (وں) کیلئے پوسٹل بیلٹ کے ذریعے متعلقہ خانے میں (✓) کا نشان لگا کر اپنی حمایت یا مخالفت میں اپنے ووٹ کا استعمال کرتا / کرتے ہیں۔

| سلسلہ وار نمبر | قرارداد (وں) کے نوعیت اور متن | جن حصص کیلئے ووٹ دینے جا رہے ہیں ان کی تعداد | میں / ہم قرارداد (وں) سے متفق ہوں / ہیں (حق میں) | میں / ہم قرارداد (وں) سے متفق نہیں ہوں / ہیں (مخالفت میں) |
|---|---|---|---|---|
| 1 | قرار پایا کہ ایزگارڈ نائن لمیٹڈ کے ممبران کے سامنے پیش کئے گئے آڈٹ شدہ حسابات برائے سال مختتمہ 30 جون 2021 بمعہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس اور چیئرمین کی جائزہ رپورٹ منظور اور اختیار کئے جاتے ہیں (عمومی قرارداد) | | | |

حصص دار (ان) کے دستخط:     جگہ:     تاریخ:

### نوٹس / بیلٹ پیپر جمع کرانے کا طریقہ کار:

1. مکمل شدہ پوسٹل بیلٹ جناب زاہد محمود چیئرمین کو ایزگارڈ نائن لمیٹڈ، اسماعیل ایوانِ سائنس، عقب شاہراہِ رومی، لاہور، پاکستان یا ای میل chairman@azgard9.com پر بھیجا جانا چاہیے۔
2. سی این آئی سی / پاسپورٹ (غیر ملکی کی صورت میں) کی کاپی پوسٹل بیلٹ فارم کے ساتھ منسلک ہونی چاہئیں۔
3. پوسٹل بیلٹ فارمز 4 دسمبر 2021 کو کاروباری اوقات کے دوران یا اس سے پہلے اجلاس کے چیئرمین تک پہنچ جانے چاہئیں۔ اس تاریخ کے بعد وصول ہونے والا کوئی پوسٹل بیلٹ ووٹنگ کیلئے قبول نہیں کیا جائے گا۔
4. پوسٹل بیلٹ پر دستخط سی این آئی سی / پاسپورٹ (غیر ملکی کی صورت میں) پر موجود دستخط سے مطابقت رکھتے ہونے چاہئیں۔
5. نامکمل، غیر دستخط شدہ، غلط، خراب، پھٹا ہوا، مسخ شدہ، ترمیم شدہ بیلٹ پیپر مسترد کر دیا جائے گا۔
6. کاروباری ادارے، کارپوریشن اور وفاقی حکومت کے نمائندے کی صورت میں بااختیار فرد کے سی این آئی سی کی کاپی اور کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات 138 اور 139 کے مطابق تصدیق شدہ بورڈ ریزولوشن، پاور آف اٹارنی، اختیاری خط وغیرہ جو قابلِ اطلاق ہو، بیلٹ پیپر کے ساتھ منسلک ہونے چاہئیں۔ غیر ملکی کاروباری ادارے وغیرہ کی صورت میں تمام کاغذات پاکستان کے کونسل جنرل جو ممبر پر دائرہ اختیار رکھتا ہو سے تصدیق شدہ ہونے چاہئیں۔
7. بیلٹ پیپر کمپنی کی ویب سائٹ www.azgard9.com پر بھی رکھ دیا گیا ہے۔ ممبران ویب سائٹ سے بیلٹ پیپر ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں یا اخبارات میں شائع اصل / فوٹو کاپی استعمال کر سکتے ہیں۔
8. بیلٹ پیپر ای میل سے بھیجنے کی صورت میں لازمی طور پر کمپنی کے پاس موجود / درج شدہ ای میل سے بھیجنا لازمی ہے یعنی کہ سی ڈی ایس میں غیر مادی حالت میں حصص کی صورت میں سی ڈی سی کی جانب سے فراہم کردہ ای میل ایڈریس اور مادی حصص کی صورت میں کمپنی کے پاس موجود ای میل ایڈریس

NAVICOads